روزنامہ
ٹیلی فون نمبر:213029
C.P.L 29

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web:http://www.alfazal.com
Email:editor@alfazal.com

بدھ 2 فروری 2005ء 22 ذوالحج 1425 ہجری 2 تبلیغ 1384 ہش جلد 55-90 نمبر 25

اصل مہاجر

حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:

اصل مہاجر وہ ہے جو ان تمام اقوال وافعال کو چھوڑ دے جن سے اللہ نے منع کیا ہے۔

(صحیح بخاری کتاب الایمان باب المسلم من سلم المسلمون حدیث نمبر:9)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

گناہوں سے بچنا یہ تو ادنیٰ سی بات ہے اس لئے انسان کو چاہئے کہ گناہوں سے بچ کر نیکی کرے اور اللہ تعالیٰ کی عبادت اور اطاعت کرے جب وہ گناہوں سے بچے گا اور خدا کی عبادت کرے گا تو اس کا دل برکت سے بھر جائے گا اور یہی انسان کی زندگی کا مقصد ہے۔ دیکھو اگر کسی کپڑے کو پاخانہ لگا ہوا ہو تو اس کو صرف دھو ڈالنا ہی کوئی خوبی نہیں ہے بلکہ اسے چاہئے کہ پہلے اسے خوب صابن سے ہی دھو کر صاف کرے اور میل نکال کر اسے سفید کرے اور پھر اس کو خوشبو لگا کر معطر کرے تا کہ جو کوئی اسے دیکھے خوش ہو۔ اسی طرح پر انسان کے دل کا حال ہے وہ گناہوں کی گندگی سے ناپاک ہو رہا ہے اور گھناؤنا اور متعفن ہو جاتا ہے۔ پس پہلے تو چاہئے کہ گناہ کے چرک کو توبہ واستغفار سے دھو ڈالے اور خدا تعالیٰ سے توفیق مانگے کہ گناہوں سے بچتا رہے۔ پھر اس کی بجائے ذکر الٰہی کرتا رہے اور اس سے اس کو بھر ڈالے۔ اس طرح پر سلوک کا کمال ہو جاتا ہے اور بغیر اس کے وہی مثال ہے کہ کپڑے سے صرف گندگی کو دھو ڈالا ہے لیکن جب تک یہ حالت نہ ہو کہ دل کو ہر قسم کے اخلاق ردیہ رذیلہ سے صاف کر کے خدا کی یاد کا عطر لگاوے اور اندر سے خوشبو آوے اس وقت تک خدا تعالیٰ کا شکوہ نہیں کرنا چاہئے لیکن جب اپنی حالت اس قسم کی بناتا ہے تو پھر شکوہ کا کوئی محل اور مقام ہی نہیں رہتا۔

آجکل وبا کے دن ہیں اس لئے لاپرواہ نہیں ہونا چاہئے۔ سچی تبدیلی کرنی چاہئے بہت سے آدمی اعتراض کر دیتے ہیں کہ فلاں شخص نے بیعت کی تھی وہ مر گیا۔ مگر یہ اعتراض فضول ہے کیا وہ نہیں جانتے کہ صحابہؓ بھی جنگوں میں شریک ہو کر شہید ہو جاتے تھے۔ حالانکہ وہی جنگ مخالفوں کے لئے بطور عذاب تھی لیکن اس سے یہ نہیں سمجھ لینا چاہئے کہ بیعت کے بعد اعمال کی کوئی ضرورت نہیں ہے بلکہ بیعت کے بعد حجت پوری ہو جاتی ہے پھر اگر اپنی اصلاح اور تبدیلی نہیں کرتا تو سخت جوابدہ ہے پس ضرورت اس بات کی ہے کہ سچے (۔) بنو تا کہ اللہ تعالیٰ کی نگاہ میں تمہاری کوئی قدر و قیمت ہو۔ جو چیز کارآمد ہوتی ہے اسی کی قدر کی جاتی ہے۔ دیکھو اگر تمہارے پاس ایک دودھ دینے والی بکری ہو جس سے تمہارے بیوی بچے پرورش پاتے ہوں تو تم بھی اس کو ذبح کرنے کے لئے تیار نہیں ہو جاتے، لیکن اگر وہ کچھ بھی دودھ نہ دے بلکہ نری چارہ دانہ کی چٹی ہو تو تم فوراً اس کو ذبح کر لوگے۔ اسی طرح پر جو آدمی اللہ تعالیٰ کا سچا فرمانبردار، نیک کام کرنے والا اور دوسروں کو نفع پہنچانے والا نہ ہو اس وقت تک خدا تعالیٰ اس کی پرواہ نہیں کرتا بلکہ وہ اس بکری کی طرح ذبح کے لائق ہوتا ہے جو دودھ نہیں دیتی ہے اس لئے ضرورت اس امر کی ہے کہ تم اپنے آپ کو مفید ثابت کرو اور اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو اور اس کے بندوں کو نفع پہنچاؤ۔

(ملفوظات جلد سوم صفحہ 610)

طلباء وطالبات کی تعلیمی امداد

آنحضور ﷺ کا فرمان ہے کہ ہر مرد و عورت کے لئے علم کا حصول لازمی ہے۔ خدا کے فضل سے جماعت احمدیہ ایک ایسی جماعت ہے جسے یہ فخر حاصل ہے کہ وہ اپنے آقا کے اس ارشاد کی تعمیل میں پڑھے لکھے افراد کی جماعت شمار ہوتی ہے لیکن ابھی جماعت میں بہت سے ایسے افراد ہیں جو اپنے بچوں کو غربت کی وجہ سے تعلیم کے زیور سے آراستہ نہیں کر پاتے اور مالی اعانت کے مستحق ہیں۔ ایسے نادار، مستحق اور غریب طلبہ کے لئے صدر انجمن احمدیہ پاکستان میں ایک شعبہ امداد طلبہ قائم ہے جو مشروط بآمد ہے اور کلیتہً مخیّر احباب کی طرف سے ملنے والے عطیہ جات اور مالی معاونت سے چل رہا ہے اور یہ شعبہ مندرجہ ذیل Levels پر طلباء وطالبات کی تعلیمی امداد کرتا ہے۔

1۔ سالانہ داخلہ جات 2۔ ماہوار ٹیوشن فیس 3۔ درسی کتب کی فراہمی 4۔ فوٹو کاپی مقالہ جات کیلئے رقوم 5۔ دیگر تعلیمی ضروریات

پاکستان میں اوسطاً سالانہ فیس کی شرح فی طالب علم درج ذیل ہے۔

1۔ پرائمری / سیکنڈری پرائیویٹ ادارہ جات 2 ہزار تا 6 ہزار روپے حکومتی ادارہ جات 300 تا 600 روپے

2۔ کالج پرائیویٹ ادارہ جات 6 ہزار تا 12 ہزار روپے حکومتی ادارہ جات 2400 روپے

3۔ بی ایس سی، ایم ایس سی و پیشہ ور ادارہ جات 50 ہزار تا ایک لاکھ روپے حکومتی ادارہ جات, 10 ہزار تا 30 ہزار روپے اسی طرح شعبہ امداد طلبہ سینکڑوں طلباء وطالبات کی مدد کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔

آپ سے درخواست ہے کہ اس کار خیر میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں نیز اپنے حلقہ احباب کو بھی موثر رنگ میں تحریک فرماویں کہ دل کھول کر رقوم بھجوائیں تا کوئی طالب علم تعلیم کے زیور سے محروم نہ رہ سکے۔ اللہ تعالیٰ آپ کے خلوص میں بہت زیادہ برکت عطا فرمائے۔ آمین

یہ عطیہ جات براہ راست نگران امداد طلباء نظارت تعلیم یا خزانہ صدر انجمن احمدیہ کی مد امداد طلبہ میں بھجوائے جا سکتے ہیں۔

(نگران امداد طلباء۔ و نظارت تعلیم)

شادی بیاہ سے متعلق چند ضروری ہدایات

ارشاد باری تعالیٰ

☆ مومن لغو کاموں سے اعراض کرتے ہیں۔ اور جب وہ خرچ کرتے ہیں تو فضول خرچی سے کام نہیں لیتے۔

بعثت نبوی ﷺ کا ایک اہم مقصد

☆ اور ان کے (رسوم کے) بوجھ جوان پر لادے ہوئے تھے اور (بدعات کے) طوق جوان کے گلوں میں ڈالے ہوئے تھے وہ ان سے دور کرتا ہے۔ (قرآن کریم)

فرمان حضرت مسیح موعود

☆ اتباع رسم ومتابعت ہواوہوس سے باز آ جائے گا۔

(الفاظ بیعت)

حضرت مصلح موعود کا ارشاد

☆ تحریک جدید کے (۔) مطالبات کا مقصد محض یہ تھا کہ جماعت اپنے حالات کے مطابق خرچ کرنے کی عادت ڈالے اور تباہی کے گڑھے میں گرنے سے محفوظ رہے۔ اسی طرح امراء اور غرباء میں جو تفاوت پایا جاتا ہے وہ روز بروز کم ہوتا جائے۔

(مطالبات تحریک جدید صفحہ 174)

حضرت خلیفة المسیح الثالث کا ارشاد

☆ احمدی گھرانوں کا یہ فرض ہے کہ وہ تمام بدرسوم کو جڑ سے اکھیڑ کر اپنے گھروں سے باہر پھینک دیں۔

آتش بازی وغیرہ

☆ برادری میں بھاجی تقسیم کرنا اور اس کا دینا اور کھانا یہ دونوں باتیں عندالشرع حرام ہیں۔ اور آتش بازی چلانا اور کنجروں اور ڈوموں کو دینا یہ سب حرام مطلق ہے۔" (از حضرت مسیح موعود)

مہر

☆ حضرت مصلح موعود نے چھ ماہ کی آمد سے ایک سال کی آمد کو بطور "مہر" تجویز فرمائی ہے۔

زیور اور کپڑے کا مطالبہ

☆ لڑکی والوں کی طرف سے زیور اور کپڑے کا مطالبہ ہونا بے حیائی ہے۔ (از حضرت مصلح موعود)

مہندی

☆ شادی کے موقع پر مہندی اور اس کے متعلقہ رسوم جو رائج ہیں ہمارے نزدیک غیر (۔) ہیں۔

(از حضرت مصلح موعود)

سہرا

☆ "سہرے کا طریق بدعت ہے۔" "گھوڑا بنانے والی بات ہے۔" (از حضرت مصلح موعود)

نوٹوں کے ہار

☆ نوٹوں کے ہار گلے میں ڈالنا اور دولہا کا سر بالا بنانا ایک لغو اور بدعت ہے۔

جہیز اور بری کی نمائش

☆ "جہیز کی نمائش سے بچنا چاہئے جو کچھ دیا جاتا ہے بکسوں میں بند کر کے دیا جائے (۔) نہ صرف جہیز بلکہ بری کی نمائش بھی بری چیز ہے۔" (از حضرت مصلح موعود) لڑکے والوں کی طرف سے جہیز کی خواہش اور اس کا مطالبہ نہایت قبیح حرکات ہیں۔

پیسے پھینکنا

☆ پیسے پھینکنا، دولہا کو طلائی انگوٹھی پہنانا، دودھ کی پلائی طلب کرنا، جوتا چھپانا سب بدرسوم ہیں۔

جوڑے دینا

☆ شادیوں کے وقت سسرال والوں کو جوڑے دینے وغیرہ سے اجتناب کرنا چاہئے۔ جہیز کی نمائش نہ کی جائے اور شادی کے موقع پر لڑکی کے سسرال کو جوڑے وغیرہ نہ دیئے جائیں۔

مقامی براتیوں کو کھانا دینا

☆ لڑکی کے رخصتانہ کی تقریب کے موقع پر موسم کے لحاظ سے سوائے ایک ٹھنڈا یا گرم مشروب کے کوئی اور چیز پیش کرنا منع ہے البتہ باہر سے آنے والے باراتیوں اور مہمانوں کو کھانا پیش کیا جاسکتا ہے۔

(از حضرت خلیفة المسیح الرابع)

دعوت ولیمہ

☆ دعوت ولیمہ مسنون ہے مگر اسراف نہ ہو اور "ولیمہ پر دس پندرہ دوستوں کو بلا لینا کافی ہوتا ہے۔"

(از حضرت مصلح موعود)

پردہ

☆ دولہا سے بھی غیر محرم مستورات پردہ کریں اور اس سے ہنسی مذاق نہ کریں۔ (از حضرت مصلح موعود)

☆ دولہا دلہن کی تصاویر جب کہ غیر محرم مستورات پاس ہوں نہ کھینچی جائیں۔

☆ دعوت میں ایسا انتظام ہو کہ عورتوں میں عورتیں کھانا کھلائیں نہ کہ مرد۔ تاکہ بے پردگی نہ ہو۔

☆ دیکھنے میں آیا ہے کہ شادی کی تقریب کی ویڈیو فلم تیار کرنا ایک رسم کا رنگ پکڑ رہا ہے۔ حالانکہ یہ اسراف اور بے پردگی کی حوصلہ افزائی کا موجب ہے اس لئے احمدی گھرانوں کو اس سے اجتناب کرنا چاہئے۔ ہاں اگر کسی اشد مجبوری سے ایسی فلم تیار کرنا ضروری ہو تو مہمان مستورات کو فلم بنانے سے اچھی طرح متنبہ کر دیا جائے کہ وہ اپنے پردہ کا اہتمام کر لیں۔ زیادہ بہتر ہے کہ خاندان کا کوئی فرد ہی ویڈیو فلم تیار کرے۔

☆ شادی بیاہ پر کھانا کھلانے کے سلسلہ میں حکومتی قوانین کی پوری طرح پابندی کی جائے۔

(ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ)

باقی صفحہ 11 پر

اطلاعات واعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

اعلان داخلہ

انسٹیٹیوٹ آف کاسٹ اینڈ مینجمنٹ اکاؤنٹینٹس آف پاکستان نے Employed لوگوں کے لئے پروفیشنل تعلیم کا اعلان کیا ہے جس میں کوچنگ کلاسز اور خط وکتابت کے پروگرام شامل ہیں۔ درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ 7 فروری 2005ء ہے۔ مزید معلومات کیلئے روزنامہ ڈان مورخہ 30 جنوری 2005ء ملاحظہ کریں۔

سندھ انسٹیٹیوٹ آف ارآلوجی اینڈ ٹرانسپلینٹیشن نے بی ایس سی میڈیکل ٹیکنالوجی میں داخلہ کا اعلان کیا ہے۔ درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ 8 فروری 2005ء ہے۔ مزید معلومات کیلئے روزنامہ ڈان مورخہ 30 جنوری 2005ء ملاحظہ کریں۔

شیخ زید پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹیٹیوٹ لاہور نے ٹریننگ رجسٹرار اور سینئر ہاؤس آفیسرز کیلئے درخواستیں طلب کی ہیں جن کو مختلف فیلڈز میں سپیشلائزیشن کروایا جائے گا۔ درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ 19 فروری 2005ء ہے اس سلسلہ میں مزید معلومات روزنامہ ڈان مورخہ 30 جنوری 2005ء سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔

ایچیسن کالج لاہور نے سال 2005ء میں داخلوں کا اعلان کر دیا ہے داخلے کی کارروائی 14 فروری 2005ء سے شروع ہوگی۔ تمام کوائف مورخہ 2/اپریل 2005ء تک جمع کروائے جاسکتے ہیں مزید معلومات کیلئے روزنامہ ڈان مورخہ 30 جنوری 2005ء ملاحظہ کریں۔

پاکستان نیوی میں بحیثیت سیلر بھرتی ہو کر بے مثال کیریئر اور باوقار زندگی اپنایئے۔ اس سلسلہ میں رجسٹریشن 23 دسمبر 2004ء سے 23 فروری 2005 تک جاری ہے۔ تمام رجسٹرڈ امیدواروں کا امتحان 27 فروری 2005ء کو ہوگا۔ مزید معلومات کیلئے روزنامہ جنگ مورخہ 8 جنوری 2005ء ملاحظہ کریں۔ (نظارت تعلیم)

ولادت

مکرم محمد شاہد اقبال سیلونی صاحب دارالنصر غربی منعم ربوہ لکھتے ہیں خاکسار کو خدا تعالیٰ نے پہلی بیٹی سے مورخہ 8 جنوری 2005ء کو نوازا ہے بچی الحمدللہ وقف نو کی بابرکت تحریک میں شامل ہے اور بچی کا نام ماہ ہیرا تجویز ہوا ہے بچی مکرم محمد حنیف مجاہد سیلونی صاحب مرحوم کی پوتی اور مکرم محمد صادق صاحب کی نواسی ہے تمام احباب سے بچی کی صحت وسلامتی والی لمبی عمر نیک خادم دین اور دین اور دنیا میں اعلیٰ مقام کے لئے دعا کی درخواست ہے۔

ولادت

اللہ تعالیٰ نے اپنے خاص فضل سے مکرم محمد شہباز صاحب ولد کرامت علی صاحب مرحوم ساکن خالد کالونی کلر آبادی گوجرانوالہ کو مورخہ 2 جنوری 2005ء کو چھ سال کے بعد پہلی بیٹی سے نوازا ہے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے از راہ شفقت بچی کا نام فریحہ شہباز عطا فرمایا ہے۔ نومولودہ وقف نو کی مبارک تحریک میں شامل ہے۔ بچی مکرم نور احمد صاحب مانگٹ اونچا کی پوتی اور مکرم خالد محمود صاحب معلم اصلاح وارشاد مقامی کی بھانجی ہے۔ دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ بچی کو نیک، صالحہ، خادمہ دین اور والدین کے لئے قرة العین بنائے نیز صحت وتندرستی والی لمبی زندگی بھی عطا فرمائے۔ آمین

اعلان دارالقضاء

(مکرم مظفر احمد اقبال صاحب بابت ترکہ مکرم محمد یوسف رندھاوا صاحب)

مکرم مظفر احمد اقبال صاحب C/O مکرم ملک بشیر احمد صاحب محلّہ دارالنصر غربی نے درخواست دی ہے کہ میرے والد مکرم محمد یوسف رندھاوا صاحب ابن مکرم قادر بخش رندھاوا صاحب بقضائے الٰہی وفات پاچکے ہیں۔ قطعہ نمبر 3/9 دارالصدر غربی برقبہ 2 کنال ان کے نام بطور مقاطعہ گیر منتقل کردہ ہے۔ یہ قطعہ اب درخواست کے مطابق ان کے ورثاء کے نام منتقل کر دیا جائے۔ جملہ ورثاء کی تفصیل یہ ہے:۔

1۔ محترمہ امتہ الجمیل اقبال صاحبہ (بیوہ)
2۔ مکرم مبشر احمد شاد صاحب (بیٹا)
3۔ مکرم مظفر احمد اقبال صاحب (بیٹا)
4۔ محترمہ شہناز فیض صاحبہ (بیٹی)
5۔ محترمہ مبارکہ تنویر صاحبہ (بیٹی)
6۔ محترمہ امتہ المتین صاحبہ (بیٹی)
7۔ محترم مبشرہ تبسم صاحبہ (بیٹی)
8۔ محترم بشریٰ اسلام صاحب (بیٹی) وفات یافتہ

محترمہ بشریٰ اسلام صاحبہ (وفات یافتہ) کے ورثاء کی تفصیل یہ ہے:۔

1۔ مکرم محمد انور چٹھہ صاحب (خاوند)
2۔ محترمہ منزہ تبسم صاحبہ (بیٹی)
3۔ مکرم انصر بلال انور صاحب (بیٹا)
4۔ مکرم محمد اسد انور صاحب (بیٹا)

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ اگر کسی وارث یا غیر وارث کو اس انتقال پر کوئی اعتراض ہو تو وہ تیس یوم کے اندر اندر دارالقضاء ربوہ میں اطلاع دیں۔ (ناظم دارالقضاء۔ ربوہ)

قائداعظم محمد علی جناح کا تاریخ ساز سفر کشمیر 1944ء

والہانہ استقبال، نامور شخصیتوں سے ملاقات، مختلف تقاریب اور پریس کانفرنس سے خطاب، ملی اتحاد کے لئے اپیل اور زبردست انتباہ

قسط اول

مکرم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مؤرخ احمدیت

قدیم تاریخ کشمیر

خطۂ کشمیر عرب کے ملک شام کی طرح صانع حقیقی کے دست قدرت کا حسین شاہکار ہی نہیں نہایت قدیم روایات کا حامل بھی ہے۔ 320 (قبل مسیح) میں جبکہ سکندر اعظم نے ہندوستان پر حملہ کیا۔ پونچھ، کوٹلی، بھمبر اور راجوری پر ایک ریاست قائم تھی جس کے راجہ کا نام ''ابھی ساری'' تھا۔ سرینگر شہر کی بنیاد اشوک اعظم (273-232 ق م) نے رکھی جو بدھ مت کا پیرو تھا۔

(تاریخ پاکستان مؤلفہ۔ یحیٰ امجد ''فیروز سنز اردو انسائیکلوپیڈیا'' اردو ترجمہ راج ترنگنی مصنفہ پنڈت کلہن)

قدیم مسلمان مصنفین میں سے البیرونی نے کتاب الہند میں، محمد قاسم نے ''تاریخ فرشتہ'' میں اور مؤرخ اسلام عبداللہ الرومی البغدادی نے ''معجم البلدان'' میں سرزمین کشمیر کے حالات پر روشنی ڈالی ہے۔

پانچ سو سالہ سنہری دور

کشمیر کا سب سے پہلا حکمران جس نے اسلام قبول کیا لداخ کا بدھسٹ شہزادہ رنیچو یا رنچن شاہ تھا۔ ''تاریخ کشمیر اعظمی'' کے مؤلف محمد اعظم دیدہ مری نے اس کے مسلمان ہونے کا یہ ایمان پرور واقعہ لکھا ہے کہ ایک رات اس کے دل میں القاء ہوا کہ صبح سویرے جو پہلا شخص اسے نظر آئے وہ اس کا مذہب اختیار کرے چنانچہ صبح بارہ دری میں بیٹھے ہوئے ایک بزرگ حضرت بلبل شاہ کو اس نے دیکھا کہ دریا کے کنارے بڑے نیاز سے نماز ادا کر رہے ہیں۔ نماز ختم ہوتے ہی اس فرشتہ صورت بزرگ کی خدمت میں حاضر ہو کر ان کے ہاتھ پر بیعت کر لی اور اپنا نام سلطان صدرالدین رکھا یہ آٹھویں صدی ہجری اور چودھویں صدی عیسوی کے پہلے ربع کے قریب کا واقعہ ہے۔

کشمیر 1385ء سے 1819ء تک مغل پٹھان اور دوسرے مسلمان حکمرانوں کے زیرنگیں رہا۔ خصوصاً شاہجہان اور اورنگزیب کے عہد حکومت میں کشمیر نے تہذیب وثقافت، صنعت وحرفت، علم وادب اور اخلاق وروحانیت غرضیکہ ہر اعتبار سے بے نظیر ترقی کی مگر آہ اس پانچصد سالہ سنہری دور کے بعد سکھ قابض ہو گئے اور ارضی جنت کے حسین وجمیل باشندوں کی فطری صلاحیتیں یکسر غارت ہو گئیں۔ پھر دوسری قیامت 16 مارچ 1846ء کے بدنام زمانہ معاہدہ امرتسر نے ڈھائی جس کے نتیجہ میں ایسٹ انڈیا کمپنی کے گورنر جنرل سر ہنری ہارڈنگ نے صرف پچھتر لاکھ روپے کے عوض پورا کشمیر مع اس کے تمام باشندوں کے ظالم وسفاک مہاراجہ گلاب سنگھ کے ہاتھوں فروخت کر ڈالا۔

ڈوگرہ راج کے خوفناک مظالم

صد سالہ ڈوگرہ راج کے خوفناک جور وستم اور چیرہ دستیوں کا تصور کر کے آج بھی کلیجہ منہ کو آتا ہے اور زبان پکار اٹھتی ہے۔

کشمیر کی زمین پہ حبشی کا راج ہے
اک بھیڑیئے کے فرق پر سونے کا تاج ہے

سیدنا محمود نے 1909ء میں چونکہ بچشم خود ریاست کے مظلوم ومعصوم اور نہتے مسلمانوں پر ڈھائے جانے والے ہولناک تشدد آمیز اور زہرہ گداز خونی مناظر دیکھے تھے اس لئے 1931ء میں آپ نے شملہ میں جمع ہونے والے ہندوستان بھر کے چوٹی کے مسلم زعماء کی درخواست پر ''آل انڈیا کشمیر کمیٹی'' کی زمام صدارت 1931ء میں اپنے ہاتھ میں لے لی اور پھر آئینی ذرائع سے جس طرح اہل کشمیر کے انسانی حقوق دلانے کی خود بھی اور آپ کی قیادت میں کمیٹی کے محترم ممبروں نے سرفروشانہ خدمات انجام دیں وہ تحریک آزادی کشمیر کا ایک تابناک اور ناقابل فراموش باب ہے۔

قائداعظم اور مسلمانان کشمیر

اللہ جلشانہٗ نے اپنی بارگاہ سے قائداعظم محمد علی جناح (ولادت 25 دسمبر 1876ء وفات 11 ستمبر 1948ء) کو قوم وملت کے لئے ایک بے قرار اور درد مند دل بخشا تھا اور مسلمانان کشمیر کی بے پناہ محبت تو آپ کے وجود کے ذرہ ذرہ میں رچی بسی ہوئی تھی۔ آپ نے داعی اجل کو لبیک کہنے سے صرف چند روز قبل فرمایا:۔

''کشمیر سیاسی اور فوجی اعتبار سے پاکستان کی شہ رگ ہے کوئی خوددار ملک اور قوم یہ برداشت نہیں کرسکتی کہ اپنی شہ رگ کو دشمن کی تلوار کے حوالے کر دے۔

(قائداعظم کا پیغام ص 221 از جناب سید قاسم محمود ناشر پاکستان اکیڈمی لاہور اشاعت 1972ء)

قائداعظم کشمیر میں

اکثر مؤرخین کی رائے میں قائداعظم تین بار کشمیر تشریف لے گئے۔ آپ نے پہلا سفر 1926ء میں اپنی اہلیہ محترمہ رتن بائی کے ساتھ کیا۔ جناب یوسف صراف سابق چیف جسٹس کی تحقیق کے مطابق یہ دورہ مشہور ٹریول ایجنسی تھامس کک نے ترتیب دیا۔ آپ بمبئی سے راولپنڈی پہنچے۔ فلیش مین ہوٹل میں قیام کیا پھر وائرلیس موٹر کمپنی کے مالک آغا غلام جیلانی صاحب کی ذاتی بیوک کار میں وارد سرینگر ہوئے۔ اس زمانہ میں گلاب سنگھ (1846ء تا 1857ء) رنبیر سنگھ (1857ء تا 1885ء) اور پرتاب سنگھ (1885ء تا 1925ء) کے بعد مہاراجہ ہری سنگھ (1925ء تا 1947ء) ریاست پر برسراقتدار تھے جن کو سر جان سائمن نے عدالت میں کمینہ، ذلیل اور مردود کے نام سے یاد کیا تھا۔

(تاریخ کشمیر ص 142 از عنصر صابری ناشر پروگریسو بکس لاہور 1991ء)

دوسرا سفر

مقبوضہ کشمیر کے ایک صاحب بصیرت صحافی جناب تبسم کاشمیری کے قلم سے ہفت روزہ چٹان (سرینگر) میں ''محمد علی جناح اور کشمیر'' کے زیرعنوان تاریخی معلومات سے لبریز مضمون چھپا ہے۔ جسے روزنامہ ''خبریں'' نے 16, 17, 18 فروری 2003ء کی تین قسطوں میں شائع کیا ہے۔ جسٹس صراف کا مندرجہ بیان اسی قابل قدر مضمون سے ماخوذ ہے۔

جناب تبسم کاشمیری قائداعظم کے دوسرے سفر کشمیر 1936ء کی نسبت رقمطراز ہیں:۔

''اس سفر کے دوران انہوں نے اسلام آباد (اننت ناگ) کے مشہور مقدمہ سرکار بنام حنیفہ بیگم ومہر علی کیس کی پیروی کی اور اپنی خداداد قابلیت سے چیف جسٹس سر برجور لال دلال اور ان کے ماتحت جج صاحبان شیخ عبدالقیوم اور جسٹس سینی کو ورطہ حیرت میں ڈال دیا۔ یہ مقدمہ دراصل عدت نکاح کا مقدمہ تھا اور انہوں نے ہجری مہینے کے ایک باریک نکتے پر پہلی ہی پیشی پر کیس جیت لیا...... اس کیس کی سماعت کے دوران کمرۂ عدالت میں تعلیم یافتہ افراد بالخصوص وکلاء حضرات کا جم غفیر تھا۔ ان میں **بانی تحریک آزادی کشمیر خواجہ غلام نبی گلکار عبدالغفار ناسنوری ایڈیٹر اصلاح وغیرہ قابل ذکر ہیں۔''**

اس سفر کے دوران قائداعظم نے سرینگر کی پتھر مسجد میں عید میلاد النبیؐ کے جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا:۔

''رسول اکرمؐ دنیا کے سب سے بڑے **Law Giver** تھے اور ان کے قوانین انصاف اور مساوات کے اصولوں پر مبنی تھے۔

(''چٹان'' سرینگر بحوالہ ''خبریں'' 16 فروری 2003ء)

قائداعظم نے تیسرا اور آخری سفر کشمیر 1944ء میں فرمایا جو 10 مئی سے 25 جولائی تک یعنی ڈھائی ماہ پر محیط تھا۔

تیسرا سفر

پُرجوش اور والہانہ استقبال

جناب تبسم کاشمیری کا بیان ہے کہ:۔

''1944ء میں جناح صاحب نے کشمیر کا آخری دورہ کیا۔ وہ سوچیت گڑھ کی سرحد کو پار کر کے ریاست میں داخل ہوئے۔ سرحد پر مسلم کانفرنس کی طرف سے چودھری غلام عباس خان، اللہ رکھا ساغر اور چودھری حمیداللہ خان اور نیشنل کانفرنس کی طرف سے بخشی غلام محمد نے ان کا استقبال کیا۔ اس غرض کے لئے بخشی صاحب خصوصی طور پر سرینگر سے جموں آئے تھے۔ سوچیت گڑھ سے انہیں جلوس کی صورت میں جموں لایا گیا۔ سڑک کے دونوں کناروں پر لوگوں کا ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر تھا اور ان کا جوش وخروش دیدنی تھا۔ جلوس کے راستوں کو دلہن کی طرح سجایا گیا تھا۔

دوسرے روز یعنی 9 مئی کو قائداعظم سرینگر کے لئے روانہ ہو گئے۔ ان کے ہمراہ چودھری غلام عباس خان، اللہ رکھا ساغر اور بخشی غلام محمد تھے۔ پروگرام کے مطابق انہیں اسی دن سرینگر پہنچنا تھا لیکن ٹکری، اودھم

پور، چھتی، گد، بٹوٹ، رام سو، رام بن وغیرہ کے مقامات پر ہزارہا لوگوں نے ان کا والہانہ استقبال کیا۔ نیز دیگر چھوٹے چھوٹے پڑاؤ پر بھی لوگوں نے روک لیا اور روایتی طور پر استقبال کیا۔ یہ لوگ دور دراز کے پہاڑی مقامات سے پیدل آئے تھے۔ راستے میں جس والہانہ انداز میں لوگوں نے ان کا استقبال کیا، اس کی وجہ سے وہ بہت دیر سے بانہال پہنچے اور نتیجۃً انہیں رات کو بانہال میں ہی ٹھہرنا پڑا۔ بانہال میں ان کا استقبال میر واعظ کشمیر مولانا محمد یوسف شاہ، سید میرک شاہ اندرابی ملارٹہ سرینگر اور نیشنل کانفرنسی لیڈر مرزا محمد افضل بیگ نے کیا۔ اس موقع پر وہاں ہزارہا لوگوں نے ان کا انتہائی عقیدت مندانہ استقبال کیا اور اپنے زبردست جوش وخروش کا مظاہرہ کیا۔ 10 مئی کو آپ پھر بانہال سے سرینگر روانہ ہوئے۔

قاضی گنڈ میں مسلم کانفرنس اور نیشنل کانفرنس نے استقبال کا الگ الگ انتظام کر رکھا تھا۔ جبکہ ان دونوں جماعتوں کے حامیوں میں ہاتھا پائی ہوئی اور نیشنل کانفرنس کے حامیوں نے میر واعظ مولانا محمد یوسف شاہ اور مسلم کانفرنس کے نائب صدر سید میرک شاہ اندرابی پر حملہ کیا اور ان کی کار کو نقصان پہنچایا لیکن بخشی غلام محمد کی بروقت مداخلت نے معاملہ عارضی طور پر رفع دفع کیا۔ قاضی گنڈ سے یہ جلوس کھنہ بل کی طرف روانہ ہوا۔ راستے میں مسلمانان علاقہ نے انتہائی جوش و خروش کا مظاہرہ کیا۔ کھنہ بل پہنچ کر قائداعظم نے ڈاک بنگلہ میں کچھ دیر کے لئے آرام فرمایا اور ساتھ ہی لنچ کیا۔ اس موقع پر مذکورہ بالا لیڈروں کے علاوہ سٹی مسلم کانفرنس کے صدر غلام محمد وانی (گرگڑی محلّہ زینہ کدل) اور علاقہ اسلام آباد کے تمام عمائدین بھی موجود تھے۔ ڈاک بنگلہ کے باہر ہزاروں لوگ استقبالی نعروں میں مشغول تھے اور قائداعظم کی ایک جھلک دیکھنے کے لئے بیتاب تھے۔ نتیجۃً لوگوں کا جم غفیر بے قابو ہو گیا جس کی وجہ سے چند افراد زخمی ہوئے۔ اس کے بعد یہ استقبالی جلوس نہایت ہی آب و تاب کے ساتھ سرینگر روانہ ہوا۔ جلوس کے راستوں کو استقبالی محرابوں، جھنڈوں، بینروں اور قائداعظم کی تصویروں سے مزین کیا گیا تھا۔ اس کے علاوہ کمال اتاترک، انور پاشا، امان اللہ خان والیٔ افغانستان، علامہ اقبال اور شیخ محمد عبداللہ کی تصویروں کو بھی آویزاں کیا گیا تھا۔ راستے میں ہر جگہ عورتیں، مردوں کے شانہ بشانہ اپنے معزز اور محبوب راہنما کے استقبال کے لئے چشم براہ تھیں اور روایتی ''ونہ ون'' گا رہی تھیں۔

بیج بہاڑہ، گچھ سکوٹ، کیگام، چرسو، اونتی پورہ، لتہ پورہ، پانپور، اتھ واجن، پاندرٹھن اور سونہ وار میں نہ صرف لوگوں کا جم غفیر تھا بلکہ ان کا جوش وخروش دیدنی تھا۔ شیخ محمد عبداللہ، غلام محمد صادق اور مولانا مسعودی نے بٹہ وارہ کے قریب ان کا استقبال کیا۔ قاضی گنڈ سے سرینگر تک کے استقبال کی ذمہ داری نیشنل کانفرنس کو سونپ دی گئی تھی اور یہ مسافت گیارہ گھنٹوں میں طے کر لی گئی۔ قائداعظم تقریباً چھ بجے سرینگر پہنچے اس شاہانہ استقبال کا اختتام پرتاپ پارک میں ہوا جہاں پر تقریباً ساٹھ ہزار لوگوں نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ اس موقع پر پرتاپ پارک کو دلہن کی طرح سجایا گیا تھا، فرط مسرت سے لوگ شاداں و نازاں جونہی قائداعظم، شیخ محمد عبداللہ، چودھری غلام عباس خان، بخشی غلام محمد، غلام محمد صادق، مولانا محمد سعید مسعودی اور نیشنل کانفرنس کے دیگر لیڈروں کی معیت میں سٹیج پر جلوہ افروز ہوئے تو حاضرین جلسہ نے فلک شگاف نعروں سے آپ کا استقبال کیا اور نہایت عقیدت واحترام کے ساتھ گل پاشی کی۔ جلسے میں غیر مسلموں نے بھی شرکت کی۔ ہندوستان کی مشہور و معروف سوشل ورکر مس مردولا سارابائی بھی جلسہ گاہ میں حاضر تھی۔

جلسے کا آغاز مشہور صحافی پران ناتھ جلالی (رعناواری) کی نظم خوانی سے ہوا۔ انہوں نے علامہ اقبال کی مشہور نظم ''سارے جہاں سے اچھا ہندوستاں ہمارا'' خوش الحانی سے پیش کی۔ نیشنل کانفرنس کی طرف سے پنڈت جیالال کلم ایڈووکیٹ نے انگریزی زبان میں سپاسنامہ پیش کیا۔ اس کا اردو ترجمہ شیخ محمد عبداللہ نے پڑھ کر سنایا۔ چونکہ قائداعظم کسی لگی لپٹی کے قائل نہیں تھے اور سیاست میں بھی صاف گوئی اور بیبا کی کے قائل تھے اس لئے انہوں نے صاف صاف لفظوں میں جواباً فرمایا:۔

''آپ نے میرا جو شاہانہ استقبال (Royal Space Welcome) کیا ہے اس کے لئے آپ کا شکر گزار ہوں لیکن یہ میری ذات کا استقبال نہیں تھا۔ یہ آل انڈیا مسلم لیگ کا استقبال تھا جس کا میں صدر ہوں۔ اس استقبال سے آپ نے ہندوستانی مسلمانوں اور ان کی پارٹی مسلم لیگ کی عزت افزائی کی ہے۔''

نیشنل کانفرنس کے صدر شیخ محمد عبداللہ نے اپنے استقبالی خطبے میں انہیں بار بار ''مسلمانان ہند کا محبوب لیڈر'' کے نام سے پکارا تھا۔ اس تقریب کے بعد قائداعظم کو ایک جلوس کی صورت میں درگجن (ڈل گیٹ) لایا گیا۔ جہاں پر مسلم کانفرنس نے استقبالی جلسہ منعقد کیا۔ اس جلسے میں شیخ محمد عبداللہ بھی موجود تھے۔ یہاں پر مشہور مسلم کانفرنسی لیڈر محمد اسماعیل ساغر نے انہیں خوش آمدید کہا۔ اپنی خیر مقدمی تقریر کی ابتدا انہوں نے اس شعر سے کی ؎

کشمیر اپنے بخت پر نازاں کیوں نہ ہو
ہے آج اس کا مہمان محمد علی جناح

قائداعظم نے فرمایا:۔

''جب مسلمانوں کا خدا ایک، رسولؐ ایک اور قرآن ایک ہے تو ان کی آواز کیوں نہ ایک ہو؟ میں کشمیر کے مسلمانوں سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ ایک پلیٹ فارم پر جمع ہو جائیں۔ میں ایک مسلمان ہوں اور میری تمام ہمدردیاں مسلمانوں کے کاز کے لئے وقف ہیں۔''

قائداعظم کی اس اردو تقریر کا ترجمہ (کشمیری) میر واعظ مولانا یوسف شاہ نے کیا۔ اس تقریب سے فارغ ہونے کے بعد قائداعظم نشاط باغ کے قریب سر مراتب علی کے بنگلے ''کوشک'' میں فروکش ہوئے (یاد رہے کہ مراتب علی کے فرزند سید امجد علی ایک زمانے میں امریکہ میں پاکستان کے سفیر تھے۔ بعد میں انہیں پاکستان کا وزیر خزانہ مقرر کیا گیا۔)

(''خبریں'' 18,17 فروری 2003ء)

اخبار ''اصلاح'' سرینگر کا شاندار خیر مقدم

جماعت احمدیہ کے جاری کردہ اخبار ''اصلاح'' نے جس کے ایڈیٹر ان دنوں محترم جناب خواجہ عبدالغفار صاحب ڈار ناسنوری حال راولپنڈی تھے۔ مسلمانوں کے محبوب رہنما کا شاندار خیر مقدم کرتے ہوئے حسب ذیل خبر صفحہ 1 پر زیب اشاعت کی۔ ع

اے آمد نت باعث آبادی ما

قائداعظم مسٹر محمد علی جناح مورخہ 10 مئی کو شام کے ساڑھے 6 بجے براہ بانہال سرینگر پہنچے۔ رستہ میں ہر جگہ آپ کا شاندار استقبال ہوا۔ آپ نے **مسلمانان ہند کی بہبودی، بہتری اور اتحاد کے لئے جو کام شروع کر رکھا ہے وہ لائق ستائش** ہے۔ ہم آپ کی تشریف آوری پر خوش آمدید عرض کرتے ہوئے دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ آپ کو بہترین رنگ میں اسلام اور مسلمانوں کی خدمت کی توفیق دے۔ مسٹر جناح نشاط باغ میں سر مراتب علی کی کوٹھی میں مقیم ہیں۔ (اصلاح 18 مئی 1944ء ص 1)

یہاں ضمناً یہ عرض کرنا مناسب ہوگا کہ مولانا محمد الدین فوقؔ نے ''تواریخ اقوام کشمیر'' جلد 2 میں خواجہ غلام نبی صاحب گلکار کے علاوہ مولوی عبدالغفار صاحب ڈار مدیر اصلاح اور ان کے علمی خاندان اور ان کی خدمات کا خصوصی تذکرہ کیا ہے اور ان کی تصاویر بھی دی ہیں۔ یہ کتاب میر پور کے ویری ناگ پبلشرز نے دوسری بار خاص اہتمام کے ساتھ 1993ء میں شائع کر دی ہے اور لائق مطالعہ ہے۔

اخبار ''اصلاح'' سرینگر کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ اس نے تحریک پاکستان میں بھرپور حصہ لیا ہے چنانچہ خواجہ ظفر نظامی نے تحریک میں حصہ لینے والے اخبارات کی تعداد 131 بتائی ہے اور اس فہرست کے نمبر 107 پر اخبار ''اصلاح'' **سرینگر اور اس کے مدیر شہیر ''جناب اے غفار'' کا نام بھی درج کیا ہے۔**

(پاکستان و ہند میں مسلم صحافت کی مختصر ترین تاریخ، ص 51 از ڈاکٹر مسکین علی حجازی ناشر سنگ میل پبلیکیشنز لاہور 1989ء)

ہمارا خون بھی شامل ہے تزئین گلستاں میں
ہمیں بھی یاد کر لینا چمن میں جب بہار آئے

امر سنگھ کلب میں استقبالیہ تقریب

قائداعظم کے پرائیویٹ سیکرٹری جناب خالد حسن خورشید (کے۔ ایچ خورشید) کی چشمدید شہادت ہے کہ ''28 مئی 1944ء کو سری نگر کے ایک معروف تاجر غلام احمد نے امر سنگھ کلب میں مسٹر جناح کے اعزاز میں ایک گارڈن پارٹی کا اہتمام کیا۔ اس سہانی شام کلب کے سبزہ زار اور تازہ ہوا کے جھونکوں نے ماحول کو بہت کیف آگیں بنا دیا تھا۔ ابھی سورج غروب ہو رہا تھا کہ مسٹر جناح اپنی جگہ سے اٹھے۔ ہوا یوں کہ وہ سب سے پہلے اس ٹیبل کی جانب آئے جہاں میں بیٹھا ہوا تھا۔ دوسرے مہمانوں سے ہاتھ ملا کر ان کی خیریت دریافت کی اور مجھ سے کہا کہ ان کے ساتھ ساتھ رہوں اور حاضرین سے تعارف کراتا جاؤں۔ چونکہ استقبالیہ میں موجود تقریباً سب ہی مہمانوں کو جانتا تھا اس لئے یہ کام میرے لئے مشکل نہیں تھا۔ مسٹر **جناح کی شخصیت میں وہ دبدبہ تھا کہ وہ جیسے ہی کسی میز پر پہنچتے وہاں سب لوگ احتراماً کھڑے ہو جاتے اور کسی کو لب کشائی کی ہمت نہ ہوتی۔**

مسلمانوں کے لئے خوشی کی بات تھی کہ انہیں مسٹر جناح سے ہاتھ ملانے اور انہیں سلام کرنے کا نادر موقع مل رہا تھا۔ میں نے دیکھا کہ ریاست کا ہندو وزیر وزارت یا چیف جوڈیشل آفیسر مسٹر چوپڑہ جس میز کے گرد بیٹھا تھا جناح صاحب کو آتا دیکھ کر کترا کے اگلی میز پر چلا گیا اور جب مسٹر جناح اس اگلی میز کی طرف جانے والے تھے تو چوپڑہ نے پھر اپنی میز تبدیل کر لی''

(''قائداعظم کی یادیں'' ص 30 ناشر آکسفورڈ یونیورسٹی پریس، آکسفورڈ، نیویارک، دہلی 1991ء)

وفد مسلم ویلفیئر ایسوسی ایشن سے ملاقات

نمائندہ ''اصلاح'' نے خبر دی کہ

''سرینگر۔ خواجہ غلام نبی صاحب گلکار جنرل سیکرٹری مسلم ویلفیئر ایسوسی ایشن اور مولوی عبدالغفار صاحب مدیر اصلاح مسٹر جناح سے مورخہ 19 مئی کو ان کی قیام گاہ پر ملے۔ ڈیڑھ گھنٹہ کے قریب ملاقات ہوئی۔ گفتگو کی تفاصیل صیغہ راز میں ہیں۔ توقع ہے کہ مسلم ویلفیئر کا وفد دوبارہ بھی قائداعظم سے ملاقات کرے گا۔'' (اصلاح 25 مئی 1944ء ص 1)

بقیہ صفحہ 5

میں کام آتا رہے گا۔ موصی کی قربانی کے ثمرات بعد وفات بھی اس کو ملتے رہیں گے۔

سیدنا حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں، وصیت کنندہ کے لئے ضروری ہوگا کہ:

''یہ وصیت کرے جو اس کی موت کے بعد دسواں حصہ اس کے تمام ترکہ کا حسب ہدایت اس سلسلہ کے اشاعت (-) اور............ احکام قرآن میں خرچ ہوگا اور ہر ایک صادق کامل الایمان کو اختیار ہوگا کہ اپنی وصیت میں اس سے بھی زیادہ لکھ دے لیکن اس سے کم نہیں ہوگا''

(رسالہ الوصیت روحانی خزائن جلد 20 ص 319)

پس ترکہ کی ایک معین شرح سے قربانی موصی کی بعد وفات نیکی اور ثواب کو جاری رہنے کی غرض سے وصیت کا لازمی حصہ قرار دے کر سیدنا حضرت مسیح موعود نے وصیت کے دونوں دائرے عمل اور جزاء کے متعین فرما دیئے ہیں۔ اور اس طرح یہ نظام وصیت بلاشبہ اللہ تعالیٰ کی راہنمائی میں قائم ہوا۔ اور دونوں دائروں میں اللہ تعالیٰ کی رضا اور جزاء کی روح عیاں ہے۔

نظام وصیت
پاک روحانی اور اخلاقی تبدیلیوں کا ذریعہ

محترم مولانا سلطان محمود انور صاحب

اللہ تعالیٰ کے مامور کے دست مبارک پر بیعت کی سعادت پانا اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی شفقت ہے جسے یہ سعادت نصیب ہو جائے اور پھر بیعت کی روح کو سمجھنا اور اس کے مطابق عملی تقاضے پورے کرنا بھی خدا تعالیٰ کے فضل سے ہی ممکن ہوتا ہے۔ کیونکہ بیعت کے تقاضے پورے کرنا درحقیقت بہت بڑی قربانی کے بغیر ممکن نہیں ہو سکتا۔ بیعت کے لفظی معنے اپنے آپ کو مامور یا امام کے ہاتھ میں بیچنا ہے۔

سیدنا حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:

’’بیعت کے معنے ہیں بیچ دینا۔ جیسے ایک چیز بیچ دی جاتی ہے تو اس سے کوئی تعلق نہیں رہتا۔ خریدار کا اختیار ہوتا ہے جو چاہے سو کرے تم لوگ جب اپنا بیل دوسرے کے پاس بیچ دیتے ہو۔ تو کیا اسے کہہ سکتے ہو کہ اسے اس طرح استعمال کرنا؟ ہرگز نہیں۔ اس کا اختیار ہے جس طرح چاہے استعمال کرے۔ اسی طرح جس سے تم بیعت کرتے ہو۔ اگر اس کے احکام پر ٹھیک ٹھیک نہ چلو۔ تو پھر کوئی فائدہ نہیں اٹھا سکتے‘‘۔

(ملفوظات جلد سوم ص 207)

بیچنا بھی اس حقیقت کے ساتھ کہ اقرار بیعت کے بعد انسان کی ذاتی کوئی حیثیت نہیں رہتی، اس کی جان، مال، آبرو، اور اہل وعیال پر بیعت کنندہ کا اپنا اختیار کوئی نہیں رہتا اور اگر ان میں سے کوئی امر انسان اپنی مشیت اور مرضی کے تابع رکھنا چاہے تو بیعت کی اصلی اور حقیقی روح پوری نہیں ہو سکتی۔ اور اس کی وجہ یہ ہے کہ انسان اگر غور کرے تو اس کی جان مال، عزت اور اہل وعیال وغیرہ سبھی چیزیں خدا تعالیٰ کے عطاء اور خدا تعالیٰ کی ملکیت ہیں۔ اور انسان تو محض عارضی عرصہ کے لئے ان کا امین خدا تعالیٰ کی طرف سے ٹھہرایا گیا ہے۔ اور مالک حقیقی جب چاہے یہ سب کچھ واپس بھی لے سکتا ہے۔ لیکن وہی خالق و مالک حقیقی یہ چیزیں خود واپس لینے کی بجائے اگر یہ فرمائے کہ یہ چیزیں میرے نمائندہ اور مامور کے قدموں میں پیش کرو۔ تو یہی امر اصطلاحاً بیعت کہلاتا ہے۔ اور جیسے انسان اپنی متاع خدا تعالیٰ کو واپس کرنے میں کوئی عذر نہیں کر سکتا۔ ایسے ہی خدا تعالیٰ کے مامور اور اس کے نمائندے کو خدائی منشاء کے تحت یہ متاع پیش کرنے میں بھی کوئی تردد یا انقباض نہیں ہونا چاہئے۔ یہاں پہنچ کر حضرت مولانا نورالدین خلیفۃ المسیح الاول کے مبارک جذبات سنہری حروف میں ملاحظہ کریں تو حقیقت واضح ہو جاتی ہے۔ آپ سیدنا حضرت مسیح موعود کو مخاطب کرتے ہوئے عرض گزار ہیں کہ:

’’.......... میں آپ کی راہ میں قربان ہوں۔ میرا جو کچھ ہے میرا نہیں آپ کا ہے حضرت پیرو مرشد میں کمال راستی سے عرض کرتا ہوں کہ میرا سارا مال و دولت اگر دینی اشاعت میں خرچ ہو جائے تو میں مراد کو پہنچ گیا..........‘‘

(فتح اسلام روحانی خزائن جلد 3 ص 36)

حضرت مولانا صاحب کے اس بے مثال جذبہ فدائیت اور عملی نمونہ کو مشاہدہ فرماتے ہوئے سیدنا حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:

’’کثرت مال کے ساتھ کچھ قدر قلیل خدا تعالیٰ کی راہ میں دیتے ہوئے تو بہتوں کو دیکھا مگر خود بھوکے پیاسے رہ کر اپنا عزیز مال رضائے مولیٰ میں اٹھا دینا اور اپنے لئے دنیا میں سے کچھ نہ بنانا یہ صفت کامل طور پر مولوی صاحب موصوف میں ہی دیکھی یا ان میں جن کے دلوں پر ان کی صحبت کا اثر ہے‘‘۔

(نشان آسمانی روحانی خزائن جلد 4 ص 407)

پس بیعت کی حقیقت یہی ٹھہرتی ہے کہ امام ہمام کے مبارک ہاتھ میں ہاتھ دے کر انسان کا تن من دھن سبھی کچھ امام کے تصرّف اور اختیار میں اس طور پر آجاتا ہے کہ بیعت کنندہ کا اپنا کوئی حق اور دعویٰ نہیں رہتا۔ اور کسی چیز کو بیچ دینے کے بعد جس طرح بیچنے والے کا استحقاق ختم ہو جاتا ہے۔ بالکل یہی حقیقت بیعت کی ٹھہرتی ہے۔ اور ہر احمدی جس نے خدا تعالیٰ کی رضا کے تابع اور اس کی خوشنودی کی خاطر اس کے مقرر فرمودہ امام کے ساتھ عہد بیعت باندھا ہے وہ درحقیقت اپنا سب کچھ امام ہمام کے ہاتھ میں بیچ چکا ہے۔ اور اب خدا تعالیٰ کے مامور اور نمائندہ امام کی مرضی پر موقوف ہے کہ بیعت کنندہ کے جان، مال، آبرو اور دیگر صلاحیتوں میں سے الٰہی منشاء کے تحت کس کو، کب اور کس قدر تصرف میں لانا چاہتا ہے۔

سیدنا حضرت مسیح موعود نے الٰہی منشاء کے تحت 1905ء میں نظام وصیت کا اجراء فرمایا۔ اور مخلص بیعت کنندگان سے اس نظام کے تحت کم از کم دس فیصد کا مطالبہ کیا۔ اور اگرچہ بیعت کنندگان اپنا سب کچھ فروخت کئے ہوئے ہیں۔ لیکن اس میں سے صرف دس فیصد کو پیش کرنے اور 9/10 کو بیعت کنندگان کے تصرف میں دیکر آپ نے قربانی کے عمل کو آسانی کا رنگ دیا ہے اور یہ ظرف مامور الٰہی کا ہی ہو سکتا ہے کہ ان کے فدائی سب کچھ نذر کرنے کے پابند ہوں۔ اور خدا کا نمائندہ 1/10 کو بھی قربانی تسلیم کر کے 9/10 واپس کر دے۔ کہ اپنی دیگر ضرورتوں اور جذبوں کی تکمیل و تسکین کے لئے حسب تمنا استعمال میں لائیں۔ 1/10 حصہ کو بھی مامور ربانی نے ہر ایک پر لازمی نہیں کیا۔ بلکہ Option کا دروازہ کھلا رکھا۔ کہ بیعت کنندہ کی مرضی ہو۔ تو پیش کرے۔ اور 1/10 کو لازمی نہ ٹھہرا کر بیعت کنندہ کی ثواب اور اجر کی راہوں کو کھلا رکھا ہے کہ اگر حکماً لیا جائے تو بیعت کنندہ مجبور متصور ہو گا۔ اور اگر بیعت کنندہ کی پسند اور تمنا پر قربانی پیش کی جا رہی ہو تو اس کے خلوص کا ثبوت اور اجر کا موجب ٹھہرے گی اور قربانی کی اصل روح تو یہی ہوتی ہے کہ انسان کسی دباؤ یا جبر کے بغیر قلبی اطمینان اور انشراح کے ساتھ پیش کرے۔ اور وصیت کے نظام میں اسی فلسفہ کو پیش نظر رکھتے ہوئے اس کا اجراء کیا گیا ہے۔

وصیت کے نظام کو محض مال کی قربانی کے طور پر جاری نہیں فرمایا کیونکہ صرف مال کا حصول ہی اگر پیش نظر ہوتا۔ تو دو چار کروڑ پتی یا ارب پتی افراد کو اللہ تعالیٰ احمدیت میں لاکر بھی مالی تقاضوں کی بآسانی تکمیل کرا سکتا تھا۔ لیکن 1/10 بطور مالی قربانی پیش کرنا درحقیقت ایک ثانوی امر ہے اور اصل روح وصیت ایک بیعت کنندہ کی مالی قربانی نہیں بلکہ وہ نیک اور پاک عملی کردار ہے جو احمدیت کی اصل غرض ہے اور بیعت کی بنیادی روح ہے اس کے بغیر نہ تو وصیت کی روح پوری ہوتی ہے اور نہ ہی شرائط وصیت پوری ہوتی ہیں۔ بلکہ نیک اور پاک کردار وصیت کی بنیادی شرط اور سچی بیعت کی اصل روح ہے۔ یہ روح ہو گی تو 1/10 چھوڑ 10/10 بھی پیش کرنا مشکل نہیں ہو گا اور اگر بیعت کی روح کے منافی کردار یا رویہ ہے۔ تو 1/10 بھی مشکل بلکہ ناممکن ہو جاتا ہے اور ایسی وصایا معیار سے گر سکتی ہیں۔ اور لائق قبولیت نہیں ٹھہرتیں۔ یا انسان کے لئے ان کو نباہنا ممکن نہیں رہتا پس نظام وصیت کے ذریعہ ایسی مخلصین کی جماعت تیار کرنی مقصود ہے جس کے افراد نے اپنے عہد بیعت میں اپنے مال کے علاوہ اپنی جان، آبرو، اپنی تمام تمنائیں اور آرزوئیں بھی اپنے امام کی نذر کر رکھی ہوں۔ کیونکہ مال تو ایسی چیزوں پر قربان کر دیا جاتا ہے اور ان کی تکمیل مقدم سمجھی جاتی ہے پس اولاً ترجیح سچے بیعت کنندہ کی جان، عزت اور خواہشات کو حاصل ہے اور ان کی قربانی کے بعد ہی مال کے 1/10 کی باری آتی ہے اس لئے نظام وصیت میں سیدنا حضرت مسیح موعود نے جو بنیادی شرائط وصیت لازمی قرار دی ہیں ان میں اس شرط کو سب پر فوقیت حاصل ہے۔ کہ وصیت کنندہ ہر پہلو سے مخلص۔ نیک کردار اور اللہ و رسول کا کامل مطیع و فرمانبردار ہو۔

چنانچہ سیدنا حضرت مسیح موعود تحریر فرماتے ہیں:

’’پھر میں تیسری دفعہ دعا کرتا ہوں کہ اے میرے قادر کریم! اے خدائے غفور و رحیم! تو صرف ان لوگوں کو اس جگہ قبروں کی جگہ دے جو تیرے اس فرستادہ پر سچا ایمان رکھتے ہیں اور کوئی نفاق اور غرض نفسانی اور بدظنی اپنے اندر نہیں رکھتے اور جیسا کہ حق ایمان اور اطاعت کا ہے بجا لاتے ہیں اور تیرے لئے اور تیری راہ میں اپنے دلوں میں جان فدا کر چکے ہیں جن سے تو راضی ہے اور جن کو تو جانتا ہے کہ وہ بکلی تیری محبت میں کھوئے گئے اور تیرے فرستادہ سے وفاداری اور پورے ادب اور انشراحی ایمان کے ساتھ محبت اور جانفشانی کا تعلق رکھتے ہیں۔ آمین یا رب العالمین‘‘

(رسالہ الوصیت روحانی خزائن جلد 20 ص 317)

پس اس کی راہ میں اپنے دلوں میں جان فدا کر چکنے کے بعد ہی 1/10 والی شرط کی باری آتی ہے کیونکہ اپنی قیمتی جان کے بعد ہی انسان کے مال اور وہ بھی صرف 1/10 کا نمبر آتا ہے۔ جان، آبرو تو بہرحال مقدم ہیں۔

نظام وصیت میں جس قربانی کا مطالبہ ہے۔ اس کے دو دائرے ہیں۔ ایک دائرے میں وصیت کنندہ زندگی بھر قربانی کرتا اور اس کا ثمر اس دنیوی زندگی میں بھی حاصل کرتا ہے۔

چنانچہ سیدنا حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:

’’اگر تم اپنے نفس سے درحقیقت مر جاؤ گے۔ تب تم خدا میں ظاہر ہو جاؤ گے اور خدا تمہارے ساتھ ہو گا۔ اور وہ گھر بابرکت ہو گا جس میں تم رہتے ہو گے۔ اور ان دیواروں پر خدا کی رحمت نازل ہو گی۔ جو تمہارے گھر کی دیواریں ہیں۔ اور وہ شہر بابرکت ہو گا جہاں ایسا آدمی رہتا ہو گا۔ اگر تمہاری زندگی اور تمہاری موت اور تمہاری ہر ایک حرکت اور تمہاری نرمی اور گرمی محض خدا کے لئے ہو جائے گی اور ہر ایک تلخی اور مصیبت کے وقت تم خدا کا امتحان نہیں کرو گے اور تعلق کو نہیں توڑو گے۔ بلکہ آگے قدم بڑھاؤ گے۔ تو میں سچ سچ کہتا ہوں کہ تم خدا کی ایک خاص قوم ہو جاؤ گے‘‘۔

(رسالہ الوصیت روحانی خزائن جلد 20 ص 308)

پس نظام وصیت کے تقاضے پورے کرنے کی صورت میں اس کے ثمرات اور بابرکت نتائج اسی زندگی کے دائرے میں سچا بیعت کنندہ موصی حاصل کر سکتا ہے۔ بالکل اسی طرح جس طرح ایک کاشتکار اپنی محنت اور کاوش سے بوئی فصل کو بالآخر کاٹتا اور محنت کا پھل پاتا ہے۔ اس سے بڑھ کر وصیت کنندہ دنیوی زندگی کے دائرے میں ساتھ ساتھ فیضیاب ہوتا رہتا ہے۔

زندگی کے دوسرے دائرے کا تعلق اخروی زندگی سے ہے۔ بظاہر اس دنیوی زندگی سے موصی کا تعلق وقت آنے پر منقطع ہو جاتا ہے۔ لیکن اس کی قربانی کا عمل اس کی وفات کے بعد بھی ایک لحاظ سے جاری رہتا ہے۔ کیونکہ وصیت کے لازمی تقاضے کے طور پر موصی نے اس دنیا سے رخصت ہونے کے بعد بھی اپنی قربانی کا دروازہ کھلا چھوڑا ہوتا ہے اور وہ اس کی وصیت کے مطابق اس کے ترکہ پر بھی 1/10 حصہ کی قربانی کا دروازہ ہے۔ یہ وصیت کے نظام کی ایک غیر معمولی برکت ہے۔ کہ بندہ تو دنیا سے رخصت ہو گیا۔ لیکن قربانی اور صدقہ جاریہ کا ایک در کھلا ہے اور ترکہ پر 1/10 جب تک حقوق اللہ اور حقوق العباد کی بجاآوری

باقی صفحہ 4 پر

طاہر منیر بھٹی صاحب

گیارھواں جلسہ سالانہ کونگو کنشاسا

اللہ تعالیٰ کے فضل سے جماعت احمدیہ کونگو کنشاسا کو اپنا گیارھواں جلسہ سالانہ مورخہ 10،9 اکتوبر 2004ء کو منعقد کرنے کی توفیق ملی۔ جلسہ سالانہ کے کامیاب انعقاد کے لئے تین ماہ قبل ہی شعبہ جات بنا کر انتظامات شروع کر دیئے گئے تھے۔ مکرم امیر صاحب کی زیر ہدایت مکرم عبدالرزاق صاحب بیسالہ (Besala) افسر جلسہ سالانہ نے بڑی محنت کے ساتھ جلسہ کے جملہ انتظامات کئے۔ کنشاسا سے باہر سے تشریف لانے والے نمائندگان جلسہ کے لئے ایک بڑا ہال کرایہ پر لیا۔ اس طرح جلسہ سے ایک ماہ قبل جلسہ کا پروگرام اور دعوت نامے چھپوا کر وسیع پیمانے پر شہر میں تقسیم کئے گئے۔ اور مہمانوں کو شہر کے مختلف مقامات سے جلسہ گاہ تک لانے کے لئے شعبہ ٹرانسپورٹ کے منتظم مکرم موسیٰ بونڈو (Bondo) صاحب صدر خدام الاحمدیہ کونگو نے اپنی ٹیم کے ہمراہ بہت محنت سے کام کیا۔

لنگر خانہ کا قیام

جلسہ سالانہ پر کنشاسا سے باہر تشریف لانے والے معزز مہمانوں اور چیف صاحبان کے لئے رہائش کا انتظام ایک بڑے ہال اور مشن ہاؤس میں کیا گیا۔ لنگر خانہ 8 اکتوبر سے لے کر 11 اکتوبر تک جاری رہا۔ لنگر خانہ کے منتظم مکرم موسیٰ کاپنگا (Kapinga) اور ان کے ساتھ کام کرنے والے تمام خدام نے بڑی محنت اور لگن کے ساتھ کھانا تیار کیا۔ شعبہ آب رسانی نے بھی نمایاں خدمات انجام دیں اور کام کرنے والے تمام اطفال اور ناصرات دوران جلسہ احباب کرام کو پانی کی سہولت مہیا کرنے میں مسلسل مصروف رہے۔

پہلا دن

9 اکتوبر کو محترم محب اللہ خالد صاحب امیر جماعت کونگو کی زیر صدارت اجلاس کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا اور پھر نظم پڑھی گئی۔ بعد میں مکرم امیر صاحب نے افتتاحی خطاب فرمایا اور افتتاحی دعا کروائی۔ اس کے بعد مندرجہ ذیل تقاریر ہوئیں۔

جلسہ سالانہ لندن کے بارے میں تاثرات مکرم ڈاکٹر محمد سلیم خان صاحب نے اور خلافت کی اہمیت مکرم عمر ابدان (Abdan) صاحب نے اور دین میں نماز کی اہمیت مکرم عدنان احمد بٹ صاحب مربی سلسلہ نے بیان کی۔

تقاریر کے بعد سوال و جواب کی مجلس ہوئی جس میں مکرم ملک بشارت احمد صاحب مربی سلسلہ کاتانگا (Katanga) نے احباب کے سوالات کے جوابات دیئے۔

شام 3 بجے پہلے اجلاس کا اختتام ہوا اور کھانے کے لئے وقفہ ہوا۔ ساڑھے سات بجے رات مغرب اور عشاء کی نمازیں جمع کر کے ادا کی گئیں۔ اور بعد میں جلسہ کے دوسرے اجلاس کا آغاز ہوا جس کی صدارت مکرم محمد کونگولو (Kongolo) صاحب نائب امیر نے کی۔ تلاوت اور نظم کے بعد دو تقاریر ہوئیں۔

پہلی تقریر نظام جماعت احمدیہ پر مکرم محمد کونگولو (Kongolo) صاحب نے اور دوسری تقریر دین میں معجزات کی حقیقت مکرم حسنی کسیند و صاحب نے کی۔ بعد میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے دورہ افریقہ کی ویڈیو دکھائی گئی جسے احباب نے بڑے شوق سے دیکھا اور اپنی روح کی تسکین کے سامان بہم پہنچائے۔

دوسرا دن

10 اکتوبر کو دن کا آغاز نماز تہجد سے ہوا۔ نماز فجر کے بعد درس قرآن، درس حدیث اور درس ملفوظات ہوئے۔ اجلاس کی کارروائی گیارہ بجے مکرم محب اللہ خالد صاحب امیر جماعت کونگو کی صدارت میں شروع ہوئی۔ تلاوت اور نظم کے بعد مندرجہ ذیل تقاریر ہوئیں۔

مکرم نور تنگابا (Tingaba) صاحب نے دین حق کا خدا، مکرم مدیاس (Madias) صاحب نے حضرت محمد ﷺ بحیثیت رحمۃ للعالمین اور ملک بشارت احمد صاحب مربی سلسلہ (Katanga) نے حضرت مرزا غلام احمد کے موضوع پر تقاریر کیں۔

ان تقاریر کے بعد مکرم امیر صاحب نے اختتامی خطاب کیا۔ جس میں انہوں نے دینی جہاد کے متعلق تعلیمات کو نہایت دلکش انداز میں پیش فرمایا۔ پھر جلسہ پر آئے ہوئے تمام مہمانوں کا شکریہ ادا کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ تمام شاملین جلسہ کو اپنے فضل سے نوازے اور انہیں اس کی برکات کے دائمی ثمرات عطا فرمائے۔ 3 بجے سہ پہر یہ اجلاس دعا کے ساتھ اختتام پذیر ہوا۔

جلسہ کی حاضری

جلسہ سالانہ کنشاسا میں شامل ہونے والے احباب کی تعداد 3229 رہی۔ اس مرتبہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے جلسہ میں ملک کے کل 6 صوبوں کی 42 جماعتوں کے نمائندگان تشریف لائے جس میں صوبہ کنشاسا، صوبہ باکونگو (Ba-Congo)، صوبہ باندوندو (Badungu)، صوبہ کاتانگا (Katanga)، صوبہ کامانگا (Kamanga) اور صوبہ اکوائیٹر (Eqvatere) اس کے علاوہ جلسہ میں کونگو برازول اور انگولا کی نمائندگی بھی ہوئی۔

ملک میں سڑکیں نہ ہونے کی وجہ سے ٹرانسپورٹ کا بہت بڑا مسئلہ ہے اور بعض علاقوں سے آنے کے لئے ایک ماہ تک کا سفر بذریعہ کشتی طے کرنا پڑتا ہے۔

بک سٹال اور نمائش

ہر سال کی طرح امسال بھی جلسہ سالانہ کے موقع پر جماعت نے بک سٹال اور نمائش کا اہتمام کیا۔ جس میں فرنچ، انگریزی، عربی، سواحلی، لنگالہ اور چیلوبا زبانوں میں لٹریچر رکھا گیا۔ اسی طرح قرآن کریم کی منتخب آیات کا مختلف زبانوں میں ترجمہ بھی رکھا گیا جسے ناظرین نے بڑے شوق سے دیکھا اور استفادہ کیا اور اس بارہ میں مختلف سوالات بھی پوچھے۔

دنیا بھر میں تعمیر ہونے والی بیوت الذکر کی بعض تصاویر نمائش میں رکھی گئیں۔ منتظم نمائش مکرم عمر ابدان (Abdan) اور مکرم عدنان احمد بٹ صاحب سلسلہ نمائش دیکھنے والے احباب کرام کی رہنمائی کرنے میں تمام وقت مصروف رہے۔ اللہ تعالیٰ ان سب کو جزائے خیر عطا فرمائے۔

پریس کوریج

اس کامیاب جلسہ کی رپورٹ لوکل نیشنل ریڈیو نے اپنی خبروں میں پیش کی۔ اور اسی طرح لوکل نیشنل ٹی وی ''راگا'' (Raga) نے 12 اکتوبر کو جماعت کے جلسہ کی کارروائی کی جھلکیاں نشر کیں۔ دعا ہے اللہ تعالیٰ اس جلسہ کی برکات سے تمام شاملین کو دائمی حصہ عطا فرمائے۔ آمین

(الفضل انٹرنیشنل 17 دسمبر 2004ء)

ڈاکٹر مومن لطیف صاحبہ

نزلہ کا علاج اور احتیاطی تدابیر

آج کے ترقی یافتہ دور میں جہاں آنکھوں کا آپریشن لیزر شعاعوں کے ذریعے ہو رہا ہے۔ دل اور جگر وغیرہ اعضائے رئیسہ کو تبدیلی اعضاء کی نازک سرجری کے ذریعے تبدیل کیا جا رہا ہے۔ انسان آج بھی موسم کے سامنے بے بس ہے۔ موسم کی تبدیلی انسانی جسم پر اپنے اثرات مرتب کرتی ہے۔ موسم کی ہر کروٹ کے ساتھ منسلکہ بیماریاں انسان کو اپنی لپیٹ میں لے لیتی ہیں۔ اور ذرا سی بے احتیاطی بعض اوقات بڑی تکلیف دہ صورت حال سے دوچار کر دیتی ہے۔

